Roll No: _____ امیدوار خود پُر کرے

(For all Sessions)

اُردُو لازمی (انشائیہ)

گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i. زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے — بچھائے ہیں اُسی داتا نے دسترخوان نعمت کے

ii. یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی — ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

iii. جھٹ پٹے کا نرم رَو دریا، شفق کا اضطراب — کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروبِ آفتاب

iv. میاں خضر کو مبارک یہ رشتۂ شادی — اسی کو کہتے ہیں اردو میں قیدِ آزادی

(حصہ غزل)

i. مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

ii. بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

iii. ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے۔ لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں ختم ہو گئی تھی۔

(ب) لیکن خواجہ صاحب کے اصرار پر وہ میرے ساتھ ایک آدھ روز کے لیے جھنگ چلنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ جب وہ میرے ساتھ کار میں بیٹھ جاتا ہے تو غالباً اس کے دل میں سب سے بڑا وہم یہ ہے کہ شاید اب میں بھی بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبال کی باتیں پوچھ پوچھ کر اس کا سر کھپاؤں گا۔

4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10

i. مرزا محمد سعید کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟

ii. سیدانی بی نے گزر اوقات کے لئے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

iii. ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر علی بخش نے کیا کہا؟

iv. نام دیو مالی نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا؟

v. پاکستانی بچے چمن کی مٹی کو کس چیز سے سینچیں گے؟

vi. میر انیس کی نظم "میدان کربلا میں گرمی کی شدت" ہیئت کے اعتبار سے کیا ہے؟

vii. جھیل کے دکھ جھیلنے والے، اے بے کام! امداد حسین الدین عاتی کے اس مصرعے کا مفہوم لکھیے۔

viii. جگر مراد آبادی کے مطابق روح کو محبت کا مزا کیسے ملتا ہے؟

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مرزا محمد سعید **یا** چغل خور 05

6. دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (i) برسات کا موسم (ii) یومِ آزادی (iii) محسن انسانیت ﷺ 15

7. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ 10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجا جے پال کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چناں چہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چناں چہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے، مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:

i. کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں؟

ii. وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

iii. جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

iv. جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

v. "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

www.ilmkidunya.com